اسلامی اقتصادی نظام

Islamic Economics System

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
01	حصہ الف کثیر الانتخابی سوالات	132
02	حصہ ب مختصر سوالات کے جوابات	133
	اسلامی نظام معیشت کے اہم خصوصیات	133
	زکوٰۃ کے مقاصد	133
	کن لوگوں پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی؟	133
	عشر کا تعارف	134
	عشر واجب ہونے کی شرائط	134
03	حصہ ج بیانیہ سوالات کے جوابات	135
	اسلامی نظام معیشت دیگر نظاموں سے کیوں کر بہتر ہے؟	135
	زکوٰۃ، عشر اور نفع ونقصان کے کھاتے پر نوٹ	136
04	درسی کتاب کی مشق	138



حصہ الف کثیر الانتخابی سوالات

دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

1- اسلام نے اجازت دی ہے:

(الف) سود کی (ب) کاروبار کی (ج) بچت کی (د) منافع کی

2- اسلام میں سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے:

(الف) ذخیرہ اندوزی سے (ب) دولت خرچ کرنے سے (ج) رزق حلال کمانے سے (د) بچت سے

3- دولت کی منصفانہ تقسیم بہتر طریقہ پر ہوگی:

(الف) جب زکوٰۃ کا نظام ہوگا (ب) جب دولت کم خرچ کی جائے گی (ج) جب سود عام ہوگا (د) جب افراط زر کم ہوگی

4- اس کی ادائیگی کے لیے صاحب نصاب ہونا ضروری ہے:

(الف) لگان کی (ب) عُشر کی (ج) زکوٰۃ کی (د) ٹیکس کی

5- عُشر کا کوئی تعلق نہیں:

(الف) صدقات سے (ب) زکوٰۃ سے (ج) لگان سے (د) ٹیکس سے

6- اس کی ادائیگی کے لیے ایک سال گزر جانے کی شرط نہیں ہے:

(الف) سود (ب) زکوٰۃ (ج) عُشر (د) لگان

7. اسلام نے حرام قرار دیا ہے:

(الف) عُشر کو (ب) لگان کو (ج) سود کو (د) زکوٰۃ کو

جوابات

(1) ج	(2) الف	(3) الف	(4) ب
(5) ج	(6) ب	(7) ج	

حصہ ب مختصر جواب کے سوالات

سوال نمبر 1: اسلامی نظام معیشت کی اہم خصوصیات مختصراً بیان کیجئے۔

جواب: اسلامی نظام معیشت کی اہم خصوصیات :

اسلامی نظام معیشت کی اہم خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ اسلامی نظام معیشت کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ یہ نظام اجتماعی طور پر منافع بخش ہے۔

2۔ اسلامی نظام معیشت کی دوسری خاصیت یہ ہے کہ اس نظام میں روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے کی ضمانت دی گئی ہے۔

3۔ اسلامی نظام معیشت کی تیسری اہم خاصیت یہ ہے کہ اس نظام میں ہر فرد نہ صرف اپنی ذات کے لیے کماتا ہے بلکہ پوری قوم کے لیے کماتا ہے۔

4۔ اس نظام کا بنیادی مقصد صرف منافع کمانا نہیں بلکہ ضروریات زندگی کی تکمیل ہے۔

سوال نمبر 2: زکوٰۃ کے مقاصد مختصراً بیان کیجئے؟

جواب: زکوٰۃ کے مقاصد:

زکوٰۃ کے اہم مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے مفلس افراد کو سماجی تحفظ حاصل ہوتا ہے۔

2۔ زکوٰۃ کی ادائیگی سے دولت کی تقسیم منصفانہ طور پر ہوتی ہے۔

3۔ زکوٰۃ کی ادائیگی سے امیر، امیر تر اور غریب غریب تر نہیں ہوں گے۔

4۔ چونکہ زکوٰۃ کے ذریعہ انسانیت کی خدمت کی جاتی ہے اس لیے یہ رضائے الٰہی حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔

سوال نمبر 3: کن لوگوں پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی؟

جواب: زکوٰۃ کی عائدگی:

جن لوگوں پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی وہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ نابالغوں کی جائیداد پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی۔

2۔ پاگلوں کی جائیداد پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی۔

3۔ غلاموں پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی۔

4۔ خوراک و لباس، رہائش گاہ اور گھریلو سامان پر زکوٰۃ عائد نہیں ہوتی۔